پریس ریلیز

جنرل ہسپتال میں پیرامیڈیکل ایسوسی ایشن ونرسنگ کمیونٹی کی کرسمس کی تقریب، 200 پاؤنڈ وزنی کیک کاٹا گیا

صوبائی وزیر اعجاز عالم مہمان خصوصی، خدیجہ فاروقی سمیت ڈاکٹرز، نرسز و سٹاف کی بھرپور شرکت

مسیحی برادری کا تحریک پاکستان سے لے کر آج تک نا قابل فراموش کردار ہے: مقررین کا خطاب

ملک کے ہر شعبے میں مسیحی برادری کسی سے پیچھے نہیں: پروفیسر آغا شبیر علی، ڈاکٹر رانا محمد شفیق

نرسز نے کرسمس کی مناسبت سے گیت بھی گائے، ملک کی خوشحالی، ترقی و سلامتی کیلئے خصوصی دعا

لاہور **21** دسمبر:...... پنجاب پیرامیڈیکل ایسوسی ایشن اور نرسنگ کمیونٹی کے زیر اہتمام لاہور جنرل ہسپتال میں کرسمس کے حوالے سے پروقار اور شاندار تقریب میں **200** پاؤنڈ وزنی کیک کاٹا گیا۔ صوبائی وزیر برائے انسانی حقوق اعجاز عالم آگسٹن مہمان خصوصی تھے جبکہ ممبر صوبائی اسمبلی خدیجہ فاروقی، پروفیسر آغا شبیر علی، پروفیسر محمد نذیر، ڈاکٹر رانا محمد شفیق، نرسنگ انتظامیہ، ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکل سٹاف نے کثیر تعداد میں اس تقریب میں شرکت کی اور مسیحی بھائیوں سے اظہار یکجہتی کیا۔ اس موقع پر صدر پیرامیڈیکل سٹاف ایسوسی ایشن رانا پرویز، رحمت سندھو، فضل آسی، امانت ساغر، سسٹر کوثر طاہر، سعدیہ شوکت اور انعم پرویز نے بھی کرسمس کے تہوار کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی۔ اس موقع پر مسیحی برادری کی ممتاز شخصیات کے علاوہ لاہور کے ہسپتالوں کے ملازمین بھی موجود تھے۔

مہمان خصوصی صوبائی وزیر اعجاز عالم آگسٹن نے اپنے خطاب میں کہا کہ یسوع مسیح کی تعلیمات محبت، رواداری اور بھائی چارے کا درس دیتی ہیں، ہمیں وطن عزیز کی تعمیر و ترقی کے لئے باہم مل کر آگے بڑھنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 25 دسمبر کا دن کرسمس کے علاوہ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کا یوم پیدائش بھی ہے جو ہمیں پاکستان کی حفاظت کا درس دیتا ہے۔ خدیجہ فاروقی نے جنرل ہسپتال میں کرسمس کی تقریب کے انعقاد کو سراہا اور مسیحی ڈاکٹرز، نرسز اور سٹاف کو اپنی طرف سے اس بڑے دن کی مبارکباد دی۔

کرسمس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر آغا شبیر علی اور ڈاکٹر رانا محمد شفیق نے کہا کہ **ملک** کے ہر شعبے میں مسیحی برادری کسی سے پیچھے نہیں بالخصوص ہسپتالوں میں دکھی انسانیت کی خدمت میں مسیحی افراد ہمیشہ سے پیش پیش ہیں اور آئندہ بھی کسی سے پیچھے نہیں رہیں گے۔ دیگر مقررین نے حضرت عیسیٰؑ کے یوم ولادت اور اُن کی زندگی کے حوالے سے تفصیلی روشنی ڈالی۔ نرسنگ سپرٹینڈنٹ پی آئی این ایس رفعت زاہد اور ڈپٹی نرسنگ سپرٹینڈنٹ رقیہ بانو نے بھی مسیحی بہن بھائیوں کو اس دن کی مبارکباد دی اور اُن کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ہسپتال کے مختلف شعبوں میں کرسمس کے حوالے سے سجاوٹ کا اہتمام کیا گیا جبکہ ٹری بھی بنائے گئے۔ نرسز نے ان سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور کرسمس کی مناسبت سے گیت بھی گائے۔ تقریب کے اختتام پر **ملک** کی خوشحالی، ترقی و سلامتی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔

☆☆☆☆